

Melton Station پر ٹرین لینے کے لیے تیار کھڑے مسافر

LEVEL CROSSING REMOVAL PROJECT

Urdu

Melton اور Truganina، اکتوبر 2026

Melton کا نیا روپ

ہم نے Melton میں Coburns Road، Exford Road اور Ferris Road پر، اور Truganina میں Hopkins Road پر لیول کراسنگز ہٹا دی ہیں اور نیا، سب لوگوں کے لیے قابلِ رسائی Melton Station مسافروں کے لیے کھل چکا ہے۔

Coburns Road اور Exford Road کے اوپر نئے ریل کے پل بن جانے سے اب Melton میں کوئی بوم گیٹ باقی نہیں رہا اور صرف صبح کے مصروف وقت میں پی بوم گیٹ بند ہونے کی وجہ سے جو آدھے گھنٹے کے قریب وقت ضائع ہوتا تھا، اب وہ وقت بچتا ہے۔

ریل انفراسٹرکچر ہٹانے اور سڑک نیچی کر کے نئے ریل کے پل تلے 4.8 میٹر کا خلا پیدا کرنے کے بعد Exford Road اگست میں کھلی۔

Coburns Road ڈرائیوروں کے لیے زیادہ ہموار بنانے کی غرض سے دوبارہ تعمیر کی گئی تھی اور یہ ستمبر میں کھل چکی ہے۔

ستمبر کی دوسری بڑی خبر نئے بلند، سب لوگوں کے لیے قابلِ رسائی اور جدید سٹیشن کا افتتاح ہے جو مستقبل میں الیکٹرک ٹرینوں کے لیے تیار ہے۔

Coburns Road اور Exford Road کے بوم گیٹس ہٹ جانے سے اب 93 ویں اور 94 ویں لیول کراسنگز ختم ہو چکی ہیں اور مقامی لوگوں کے لیے سفر زیادہ محفوظ اور قابلِ بھروسا ہو گیا ہے۔

2027 کے شروع میں بھی ہم نئے Melton Stationپر کچھ آخری کام مکمل کریں گے لہذا اس دوران آپ کے تحمل کے لیے شکریہ۔

پراجیکٹ کے فوائد

- نیا ماڈرن اور سب کے لیے قابلِ رسائی Melton Station
- Coburns Road، Exford Road، Ferris Road اور Hopkins Road پر بوم گیٹس ہمیشہ کے لیے ختم ہو گئے ہیں
- صبح کے مصروف وقت میں بوم گیٹ پر رکنا نہیں پڑے گا اور **آدھے گھنٹے** کے قریب وقت بچے گا۔
- پیر تا جمعہ روزانہ **73,000 گاڑیوں** کے لیے سفر کا وقت بچے گا
- زیادہ حفاظت اور بہتر کنیکشنز

VICTORIA'S BIG BUILD

تازہ اطلاعات لیتے رہنے کے لیے یہاں سائن اپ کریں
levelcrossings.vic.gov.au

Melton Station پر کچھ آخری کام

نیا Melton Station کھل چکا ہے اور عملہ سٹیشن کے گرد مختلف مقامات پر اب بھی کام کر رہا ہے۔

سٹیشن کے کار پارکس، نادرن فور کورٹ اور نئے بس انٹرچینج پر کام جاری رکھنے کی خاطر **2027 کے شروع میں** بھی Melton Station کے گرد عارضی تبدیلیاں برقرار رہیں گی۔

ان میں یہ تبدیلیاں شامل ہیں:

- روٹ **452**، **453**، **454** اور **457** کے لیے PTV کے عارضی بس سٹاپس Staughton Street پر ہوں گے
- روٹ **455** اور **459** کے لیے PTV کے عارضی بس سٹاپس Brooklyn Road پر، Coburns Road کی طرف ہوں گے


ابھی جبکہ عملہ مندرجہ ذیل کام کر رہا ہے، 2026 کے اواخر تک Staughton Street کار پارک میں 30 تک کاروں کی جگہ مختلف مراحل میں مختصر مدت کے لیے مہیا رہے گی:

- لینڈ سکیپنگ
- لائن مارکنگ
- پینٹنگ
- نکاسیٔ آب کے لیے کام۔

2027 کے اوائل میں سٹیشن مکمل ہو جانے پر مسافروں کو یہ سہولتیں ملنے پر خوشی ہو گی:

- اہلکار ایسے ٹکٹ آفس میں ہوں گے جس کی کسٹمر سروس کی کھڑکی وہیل چیئر والے صارفین کے لیے مناسب بلندی پر ہے
- ایئر کنڈیشنڈ ویٹنگ روم
- چھ ٹائلٹس والے باتھ روم
- سات بسوں کے کھڑے ہونے کی جگہوں والا بس انٹرچینج
- 900 سے زیادہ کار سپیسز
- نادرن فورکورٹ اور پارکیٹیئر (سائیکل پارکنگ کا احاطہ) اور پک اپ اور ڈراپ آف کے لیے پانچ اضافی گاڑیوں کی جگہ

Melton Station اور اس کے گردوپیش کا نقشہ



وضاحت

Melton Station — کار پارک سپیسز — بس سٹاپ کھلا ہے — کار پارک — سٹیشن کا داخلی راستہ — پیدل لوگ نہیں گزر سکتے — تعمیراتی مقام (لوگ نہ داخل ہوں)

پیدل چلنے کے راستے — معذوروں کے لیے پارکنگ — بس سٹاپ بند ہے — کار سپیسز بند ہیں — V/Line ری پلیسمنٹ بس اور کوچ کا سٹاپ — پیدل لوگوں کے لیے راستہ — سٹیشن فورکورٹ

یہ صرف کانسیپٹ ہے۔ تبدیلیاں ممکن ہیں۔



Cobblebank ٹرین سٹیبلنگ یارڈ میں پٹریوں پر کام

Melton Line اپ گریڈ، زیادہ لمبی ٹرینوں کے لیے تیاری

Melton Line پر اگلے سال سے، یعنی شیڈول سے ایک سال پہلے ہی، نو ڈبوں والی لمبی VLocity ٹرینیں چل سکیں گی۔

زیادہ لمبی ٹرینیں چلنے سے مصروف ترین اوقات میں مسافروں کی گنجائش 50 فیصد بڑھ جائے گی۔

اگست میں جب ٹرینیں نہیں چل رہی تھیں، ہمارا عملہ Rockbank Station، Cobblebank Station اور نئے Cobblebank ٹرین سٹیبلنگ یارڈ میں اہم کام مکمل کرنے کی خاطر دن رات مصروف رہا۔

Cobblebank Station اور Rockbank Station سٹیشن پر پلیٹ فارموں کی توسیع ہوئی اور سٹیبلنگ یارڈ کی نئی ریل کی پٹریوں کو موجودہ Melton Line سے جوڑا گیا۔

اس ٹیم نے کھدائی، نکاسیٔ آب کے نظام اور سٹیبلنگ یارڈ میں سگنلز لگانے کا کام بھی کیا۔

سٹیبلنگ یارڈ اس طرح بنایا گیا ہے کہ یہ مستقبل میں Melton Line پر الیکٹرک ٹرینیں چلنے کے لیے تیار ہو گا یعنی یہاں ٹرینیں کھڑی ہوں گی اور صفائی اور تیاری کے بعد نئے Melton Station سے پہلی سروس چلے گی۔

Deer Park Station اور Wyndham Vale Station پر نئی نو ڈبوں والی ٹرینیں پہلے ہی آتی ہیں اور اب 2027 میں کام مکمل ہو جانے کے بعد Melton Line کے مسافروں کو بھی یہی فوائد ملیں گے۔

Cobblebank سٹیبلنگ یارڈ اور اس کی تعمیر کے متعلق مزید جاننے کے لیے آپ **levelcrossings.vic.gov.au/meltonline-upgrade** پر ہمارا معلوماتی پرچہ پڑھ سکتے ہیں۔

Melton لائن پر الیکٹرک ٹرینیں

Sunshine اور Melton کے درمیان ریل کوریڈور کے ساتھ ساتھ سائیٹ پر چھان بین کا کام جاری ہے تاکہ مستقبل میں Melton Line پر الیکٹرک ٹرینیں چلانے کے لیے رہنمائی ملے۔

مقامی نباتاتی، حیواناتی اور تہذیبی ورثے کے تفصیلی جائزے لیے جا رہے ہیں۔ ابھی جبکہ ہم جائزوں کی مزید تفصیلات طے کر رہے ہیں، آپ ہمارے عملے کو ریل لائن کے آس پاس کام کرتے دیکھتے رہیں گے۔

2027 کے وسط میں ڈیویلپمنٹ کا کام مکمل ہو جانے کی توقع ہے۔

Melton Line کے الیکٹرک ٹرینوں کے لیے تیار ہو جانے سے اس لائن پر زیادہ ٹرینیں چلنا ممکن ہوگا اور میلبرن کے مغربی حصوں کی بڑھتی اور پھیلتی ہوئی کمیونٹیوں کو سروس ملے گی۔

پراجیکٹ ٹائم لائن

2022
- پراجیکٹ کا اعلان ہوا

2024
- Cobblebank ٹرین سٹیبلنگ یارڈ کا اعلان ہوا
- کمیونٹی سے مشورہ

2025
- سائیٹ پر چھان بین
- Melton Line اپ گریڈ کی فاسٹ ٹریکنگ
- Cobblebank ٹرین سٹیبلنگ یارڈ پلاننگ اپرووِلز کے لیے صلاح و مشورہ

2026
- Cobblebank ٹرین سٹیبلنگ یارڈ کی تعمیر اور پلیٹ فارموں کی توسیع کا آغاز
- نیا Melton Station کھلا

2027
- تعمیراتی کام جاری
- نئے Cobblebank ٹرین سٹیبلنگ یارڈ کا افتتاح
- Melton Line—نو ڈبوں والی VLocity ٹرینوں کے چلنے کے قابل ہو جائے گی

*ٹائم لائن میں تبدیلی ممکن ہے۔



Crown & Grace Barbers

Staughton میں Melton South Street پر Crown & Grace Barbers نئے ہیئر کٹ، معیاری گرومنگ اور سمارٹ نظر آنے کے لیے آپ کی منزل ہے۔

گرومنگ کا غیر معمولی شاندار تجربہ دلانے والے Crown & Grace Barbers مقامی Melton کمیونٹی کے لیے سٹائل کو نئے معانی دیتے ہیں۔

روایتی ہاٹ ٹاول شیو سے لے کر آج کل کے سکن فیڈز تک، ہر طرح کے سٹائل بنانے والے Crown & Grace Barbers آپ کی تازہ اور خوشگوار لُک بناتے ہوئے ایسی توجہ دیتے ہیں جس کی مثال نہیں ملتی۔

کلاسیک اور ماڈرن سٹائلنگ کے لیے معروف Crown & Grace Barbers آپ کو ہیئر کٹ، شیو، داڑھی کے خط یا سکن فیڈز کے ذریعے ایکدم سمارٹ بنا دیں گے۔

منگل تا ہفتہ، صرف واک اِن کلائنٹس لینے والے باربرز, 1a Staughton Street Melton South



Crown & Grace میں Melton South کے مالک اور باربر Kian

زیادہ سرسبز Melton

کمیونٹی کی آراء سے Melton Station کے گرد اور پراجیکٹ کے باقی علاقے میں پودے لگانے اور لینڈسکیپنگ کے لیے رہنمائی ملی۔

2027 کے اوائل میں لینڈسکیپنگ مکمل ہو جائے گی اور ہم مندرجہ ذیل درخت اور پودے لگا کر Melton میں درختوں کی تعداد میں 20 فیصد سے زیادہ اضافہ کریں گے:

مقامی انواع کے **600** سے زیادہ درخت

مقامی انواع کے **120,000** سے زیادہ پودے، سجاوٹی جھاڑ اور گھاس

Ferris Road پر ہم مقامی انواع کے **200** سے زیادہ درخت اور **45,000** سے زیادہ مقامی پودے اور سجاوٹی جھاڑ بھی لگا رہے ہیں جو وقت کے ساتھ ساتھ پھلیں پھولیں گے۔

Ferris Road پر کمیونٹی کا جشن

جولائی میں کھلنے والا نیا Ferris Road پل ٹریفک کو زیادہ محفوظ بناتا ہے اور رش میں کمی کا باعث ہے، اور مقامی لوگ بڑے جوش و خروش سے خوشی کے اظہار کے لیے نکلے۔

500 سے زیادہ مقامی افراد اتوار 30 اگست کو جشن میں شریک ہوئے اور گھر بھر کے لیے پر لطف سرگرمیوں سے محظوظ ہوئے جیسے فیس پینٹنگ، لیگو بلڈنگ اور منی الیکٹرک کار رائیڈز۔ اس موقع پر مقامی کاروباروں نے کیٹرنگ کی۔

کمیونٹی عنقریب نئے پل کے برابر First Nations Resting Space سے بھی مستفید ہو گی جو Wurundjeri Woi-wurrung Cultural Heritage Aboriginal Corporation سے تعلق رکھنے والے ایبوریجنل رہنماؤں کے ساتھ مل کے بنائی گئی ہے۔

آپ levelcrossings.vic.gov.au/melton پر ہمارے معلوماتی پرچے میں مزید تفصیل پڑھ سکتے ہیں۔



مقامی لوگ Ferris Road کے جشن سے محظوظ ہو رہے ہیں

levelcrossings.vic.gov.au
levelcrossings@bigbuild.vic.gov.au
انگلش کے علاوہ دوسری زبانوں کے لیے 9209 0147 پر کال کریں۔
1800 105 105 (کسی بھی وقت کال کر سکتے ہیں)
اگر آپ یہ معلومات معذوروں کے لیے آسان فارمیٹ میں لینا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ہم سے رابطہ کریں۔ اگر آپکو سماعت یا گویائی کے نقص کی وجہ سے مدد کی ضرورت ہے تو **relayservice.gov.au** دیکھیں۔

VICTORIA State Government
NWP13214